© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اعتذار

گذشتہ شمارے (جلد ۷، شمارہ ۳، ۴، عدد مسلسل (۱۴)) میں قرآن حکیم کانفرنس کی روداد (ص ۱۵) میں ڈاکٹر ابراہیم صاحب کا موقف پیش کرتے ہوئے یہ بات ان کی طرف غلط طور پر منسوب ہوگئی ہے کہ

''جمال القرآن کے نام سے قرآن حکیم کا جو ترجمہ...... پیر کرم شاہ الازھری کی تفسیر سے لیا گیا ہے، ان کے خیال میں ایک غیر پسندیدہ کوشش ہے۔''

انہوں نے کہا ہے کہ اس کے بجائے وہ اس ترجمہ قرآن کو نہایت عمدہ اور نہایت مفید سمجھتے ہیں اور کہا ہے کہ یہ ترجمہ (جمال القرآن) پیر صاحب کی زندگی میں ہی شائع ہوگیا تھا اور ترجمۂ قرآن کی تمام خصوصیات پر پورا اترتا ہے، اس لیے اس ترجمہ کی اشاعت نہایت عمدہ اور مفید کوشش ہے۔

ادارہ اس سلسلے میں ڈاکٹر ابراہیم صاحب سے معذرت خواہ ہے۔

ازراہ کرم یہ تصحیح نوٹ کرلیجیے۔

(ادارہ)

© rasailojaraid.com